اپنے گھر کی حفاظت کریں۔
اپنے پیاروں کے لیے منصوبہ بندی کریں
مفت میں – اگر آپ اہلیت رکھتے ہیں۔



یہ آپ کا گھر ہے۔ آئیں یقینی بنائیں کہ آپ کے پیارے اسے محفوظ رکھ سکیں۔

بہت سے لوگوں کے پاس ایسا کوئی منصوبہ نہیں ہوتا کہ ان کے جانے کے بعد ان کے گھر کا کیا ہو گا۔ جو عدالتی تاخیر، خاندانی لڑائی جھگڑوں، یا گھر کے چھن جانے جیسے مسائل کا باعث بن سکتا ہے۔

ہم آپ کو ایک منصوبہ بنانے میں مدد کر سکتے ہیں۔

ماہرین کی طرف سے مفت مدد

ہم آپ کو کسی قابل اعتماد وکیل یا قانونی ٹیم سے مربوط کریں گے جو :

- آپ کی خواہشات کے بارے میں آپ سے بات کر سکتے ہیں
- درست قانونی فارمز پُر کرنے میں مدد کر سکتے ہیں
- آپ کے گھر اور پیاروں کی حفاظت کے لیے منصوبہ بندی کر سکتے ہیں

یہ مدد ان افراد کے لیے **مفت** ہے – جو اہلیت رکھتے ہیں - اور **قابل اعتماد** ماہرین فراہم کرتے ہیں جنہیں برسوں کا تجربہ حاصل ہے۔ یہ سروسز آپ کی زبان میں دستیاب ہیں۔

اسٹیٹ پلاننگ کیا ہے؟

اسٹیٹ پلاننگ میں یہ تحریر کرنا شامل ہوتا ہے کہ آپ اپنی وفات کے بعد اپنے گھر اور اثاثوں کے بارے میں کیا چاہتے ہیں، علاوہ ازیں اپنی زندگی میں طبی، قانونی، اور مالی معاملات میں مدد کے لیے قابل اعتماد لوگوں کو منتخب کرنا بھی شامل ہے۔ اس میں شامل ہو سکتا ہے:

- وصیت نامہ کہ کسے کیا ملے گا، بشمول آپ کا گھر
- مختار نامہ تاکہ اگر آپ اپنی قانونی اور مالی ضروریات کو سنبھالنے کے اہل نہیں ہیں تو کوئی اور انہیں سنبھال سکے
- نیو یارک ریاست کے موجودہ قوانین کو سمجھنا جو آپ کی اور آپ کی زیر ملکیت چیزوں کی حفاظت کرتے ہیں

آج ہی پہلا قدم اٹھائیں۔

ہوم اونر ہب کو **(646) 786-0888** پر کال کریں اور اسٹیٹ پلاننگ کے بارے میں پوچھیں۔
یا **HomeownerHelpNY.org** ملاحظہ کریں۔

JPMorganChase | New York City Council | CENTER for NYC NEIGHBORHOODS

Urdu